تذکرہ - کراچی مدیر مولوی بشیر محمد صاحب، صفحات ۴۸، چندہ سالانہ للعہ فی پرچہ ۶ر، پتہ دفتر رسالہ تذکرہ آرام باغ کراچی

دہلی مرحوم کے سابق مشہور و معروف تاجر کتب مولوی نور محمد صاحب مرحوم کے یہ لایق بھتیجے اور داماد نہ صرف کاروبار میں اپنے بزرگوں کے سچے جانشین ثابت ہوئے بلکہ انھوں نے دینی اور اصلاحی زندگی میں بھی قدم رکھا جس کا ثبوت "ماہنامہ تذکرہ" کراچی ہے۔

"تذکرہ" عام مسلمانوں کے لئے ایک اچھا دینی رسالہ ہے جو ظاہری اور معنوی دونوں خوبیوں سے آراستہ ہے، رسالے میں متعدد عنوانات مستقل ہوتے ہیں جن میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مضامین کا ہلکا پھلکا اور نکھرا ہوا حصہ شایع کیا جاتا ہے "تفسیر قرآن" "جواہر حدیث" "تاریخی گوشے" "مشاہیر صحابہ" وغیرہ عنوانوں میں جو چھوٹے چھوٹے مضمون شایع کئے جاتے ہیں، وہ عورتوں، کم پڑھے لکھے مردوں اور بچوں کے پڑھنے کے لایق ہوتے ہیں، افسانے جو شریکِ اشاعت کئے جاتے ہیں ان میں دلچسپی کے ساتھ اصلاحی شان بھی ہوتی ہے، چنانچہ "سنجہ" جس کی چودھویں قسط فروری کے پرچے میں شائع ہوئی ہے ایک سبق آموز افسانہ ہے اور بچیوں کے پڑھنے کے لایق ہے۔ (ع)

جدید بین الاقوامی سیاسی معلومات

"بین الاقوامی سیاسی معلومات" میں سیاسیات میں استعمال ہونے والی تمام اصطلاحوں، قوموں کے درمیان سیاسی معاہدوں، بین الاقوامی شخصیتوں اور تمام قوموں اور ملکوں کے سیاسی اور جغرافیائی حالات کو نہایت سہل اور دلچسپ انداز میں ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے، یہ کتاب اسکولوں، لائبریریوں اور اخباروں کے دفتروں میں رہنے کے لایق ہے، جدید ایڈیشن جس میں سیکڑوں صفحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت مجلد للعہ آٹھ روپے علاوہ محصول ڈاک۔